No. of Printed Pages : 3

OULE-002

DIPLOMA IN URDU LANGUAGE (DUL)

00305

Term-End Examination

December, 2014

OULE-002 : CONTEMPORARY URDU FICTION

Time : 2 hours *Maximum Marks : 50*

نوٹ:۔ کل پانچ سوالوں کے جواب دیجیے۔تمام سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔

1۔ اُردو ڈراما نگاری کی روایت پر روشنی ڈالیے۔ 10

یا

مرزا ہادی رُسوا کی فکشن نگاری پر تبصرہ کیجیے۔ا

2۔ ہم عصر اُردو افسانہ پر اظہارِ خیال کیجیے۔ 10

یا

محمد حسن کی ڈراما نگاری پر نوٹ لکھیے۔

3۔ پریم چند کی افسانہ نگاری پر روشنی ڈالیے۔ 10

یا

قرۃ العین حیدر کے فن کا جائزہ لیجیے۔

4۔ جیلانی بانو کی افسانہ نگاری پر تبصرہ کیجیے۔ 10

یا

راجندر سنگھ بیدی کے فن پر اظہارِ خیال کیجیے۔

5۔ ذیل کے اقتباس کو بہ غور پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 10

استاذ منگو موجودہ سویٹ نظام کی اشتراکی سرگرمیوں کے متعلق بہت کچھ سن چکا تھا اور اسے وہاں کے نئے قانون اور دوسری نئی چیزیں بہت پسند تھیں۔ اسی لئے اس نے ''روس والے بادشاہ'' کو انڈیا ایکٹ'' یعنی جدید آئین کے ساتھ ملا دیا اور پہلی اپریل کو نظام میں جو تبدیلیاں ہونے والی تھیں۔ وہ ''انھیں'' ''روس والے بادشاہ'' کے اثر کا نتیجہ سمجھتا تھا۔ ایک روز اس کے تانگے میں دو بیرسٹر بیٹھے ہوئے نئے آئین پر بڑے زور سے تنقید کر رہے تھے اور وہ خاموشی سے ان کی باتیں سن رہا تھا۔ ان میں سے ایک دوسرے سے کہہ رہا تھا............جدید آئین کا دوسرا حصہ فیڈریشن ہے جو میری سمجھ میں ابھی تک نہیں آیا۔ ایسی فیڈریشن دنیا کی تاریخ میں آج تک نہ سنی گئی اور نہ دیکھی گئی ہے۔ سیاسی نظریہ کے اعتبار سے بھی یہ فیڈریشن بالکل غلط ہے بلکہ یوں کہنا چاہیئے کہ کوئی فیڈریشن ہے ہی نہیں۔

ان بیرسٹروں کے درمیان جو گفتگو ہوئی، چونکہ اس میں بیشتر الفاظ انگریزی کے تھے۔ اس سے استاد منگو صرف اوپر کے جملے ہی کو کسی قدر سمجھتا اور اس نے خیال کیا یہ لوگ ہندوستان میں نئے قانون کی آمد کو برا سمجھتے ہیں اور نہیں چاہتے کہ ان کا وطن آزاد ہو۔ چنانچہ اس خیال کے زیر اثر ان دو بیرسٹروں کو حقارت کی نگاہوں سے دیکھ کر دل ہی دل میں کہا ''ٹوڈی بچے''۔

(۱) استاد منگو نے کس نظام کی اشتراکی سرگرمیوں کے بارے میں بہت کچھ سنا تھا؟

(۲) استاد منگو نظام میں متوقع تبدیلیوں کو کس کے اثر کا نتیجہ سمجھتا تھا؟

(۳) منگو کے تانگے میں بیٹھے بیرسٹر کس موضوع پر گفتگو کر رہے تھے؟

(۴) بیرسٹر آئین کے دوسرے حصے کو کس بنا پر غلط کہہ رہے تھے؟

(۵) بیرسٹروں کی گفتگو سے منگو کوچوان نے کیا اندازہ لگایا؟